## سوال

(168) کیا ایصال ثواب کے لیے فقرا و مساکین کو کھانا کھلانا درست ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بغرض ثواب رسانی بحق موتی فقیروں اور مسکینوں کو کھانا کھلانا درست ہے یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بغرض ثواب رسانی بحق موتی فقیروں اور مسکینوں کو کھانا کھلانا درست ہے۔ بخاری میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سعد بن عبادہ کی ماں وفات کر گئیں اور وہ موجود نہ تھے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم !میری ماں وفات کر گئیں اور میں حاضر نہ تھا اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا ان کو نفع ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : ہاں ۔ ( صحیح البخاری رقم الحدیث (3605)) انتھی بقدر الحاجة واللہ اعلم بالصواب ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

## کتاب الجنائز، صفحہ :332

محدث فتویٰ